ارب روپے کا ہے، تو اس کو میں Clear کرنا چاہتا ہوں۔ جناب سپیکر، دوسری بات آئی تھی، اکرم درانی صاحب نے، سکندر شیرپاؤ اور پیر صاحب نے کی تھی نیٹ ہائیڈل پرافٹ پہ، تو وہ بشیر بلور صاحب نے کافی Clear کر کے بتایا تھا، اس میں کوئی شک نہیں کہ پچھلے دور حکومت میں جب درانی صاحب ہمارے چیف منسٹر تھے تو 110 ارب روپے کا وعدہ کیا گیا، وہ ایک Arbitration award ہوا تھا لیکن پیسے ملے ہیں تو اس جمہوری حکومت میں ملے ہیں۔ چونکہ ان دنوں میں فیڈرل گورنمنٹ شاید پراونشل گورنمنٹ کو پیسے نہیں دے رہی تھی، 110 ارب روپے کی جو 'کمٹمنٹ' ہے، 10 ارب روپے ہمیں پہلے ملے، ان کو ہم نے Treasury bills میں Invest کیا اور آج اس کا جو پرافٹ ہے، وہ اب 10 ارب روپے سے 13 ارب 60 کروڑ روپے پر پہنچ گیا ہے۔ تو وہ ایک Investment، ہم نے Treasury bills میں اس کو ڈالا ہے اور اس کے بعد جو پیسے آئے ہیں، چونکہ فیڈرل گورنمنٹ نے اس پر Observation کی تھی کہ یا تو آپ ان پیسوں کو خرچ کریں گے یا جو آپ کا Consolidated fund ہے، اس میں آپ ڈالیں گے تو باقی جو 50 ارب روپے ہمیں ملے ہیں، 25 ارب ایک سال، 25 ارب دوسرے سال ملے ہیں تو ان کو اے ڈی پی کا حصہ اس لئے بنایا گیا کہ چونکہ یہ پیسے اگر ہم کہیں ایسی جگہ پہ رکھتے، ایسی جگہ پہ ہم رکھ دیتے ہیں کہ اس کی Devaluation ہو یا جو بھی ہو، تو ہم نے Throw forward کم کرنے کیلئے، Suppose ایک سکیم ہے جو تین سال میں Complete ہوتی تھی تو وہ ہم نے ان سکیمز میں ڈال دیئے، ہم نے ان سکیمز میں Invest کئے ہیں تاکہ Throw forward کم ہو، جو سکیم تین سال میں Complete ہوتی تھی اس کا Throw forward ہم نے کم کر کے 1.7 فیصد کر دیا ہے تاکہ ایک سال، سات مہینے میں وہ Complete ہو جائے، اس وجہ سے وہ ہم نے کئے ہیں، Consolidated fund میں ڈالے ہیں، یہ اس طرح نہیں ہے کہ یہ پیسے، اور باقی شک اس بات پہ ہے کہ آئندہ یہ 25 ارب روپے ملیں گے؟ تو میں سکندر خان کو یہ یقین دہانی کراتا ہوں کہ یہ فیڈرل بجٹ میں Reflected ہیں، یہ ان شاء اللہ یہ 25 ارب روپے بھی ملیں گے، اس میں کوئی فکر کرنے کی بات نہیں ہے۔ (تالیاں، قطع کلامی) دیکھیں جی ملیں گے، 2 جون کو ہمیں جو 25 ارب روپے ہمارے ساتھ 'کمٹمنٹ' تھی، وہ ہمیں موصول ہو چکے ہیں، ہم کیوں کسی پہ شک کریں؟ ملتے رہے ہیں اور ان شاء اللہ آئندہ اس میں بھی Reflected ہیں۔ جنوبی اضلاع کے تیل و گیس کے سلسلے میں اکرم درانی صاحب نے بات کی تھی کہ صوبائی حکومت ہمیں بتائے کہ کیا اقدامات ہوئے ہیں، تیل و گیس کیلئے پراونشل گورنمنٹ نے اس سلسلے میں کیا کیا تھا؟ میں ان کے علم

میں لاؤں، میرے بزرگ ہیں، اٹھارہویں ترمیم سے پہلے جی آئل اینڈ گیس کی جو بھی وہ تھی، وہ فیڈرل گورنمنٹ کے پاس تھی اور ان دنوں میں اگر MOL کو کوئی کنٹریکٹ دیا تھا، Agreement تھا، وہ بھی Federal Ministry for Oil and Gas نے اس سلسلے میں کیا تھا، تو ابھی ہم کام کر رہے ہیں، ہم نے ایک اپنی کمپنی بنائی ہے، آئل کمپنی بنائی ہے اور پراونشل گورنمنٹ کوشش کر رہی ہے کہ جتنا بھی جلدی ہم اس میں زیادہ، کیونکہ یہ ہمارے صوبے کیلئے Back bone کی حیثیت رکھتی ہے، جتنی اس کی Production generation زیادہ ہوگی تو ہمیں 'ریوینوز' بھی زیادہ ملیں گے، تو ہم نے ابھی کوشش کی ہے کہ وہ کر لیں۔ سکندر شیرپاؤ صاحب نے ایک دوسری بات پوائنٹ آؤٹ کی تھی کہ آپ نے 20 فیصد Increase کیا ہے Salary میں، اور اس میں Reflected ہے 34%، تو اس سلسلے میں میں اس معزز ایوان کے سامنے یہ وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ اس 34 فیصد میں موجودہ سال کے دوران پیدا شدہ نئی آسامیاں اور اگلے سال کیلئے مجوزہ آسامیوں کے اخراجات اور اس کے علاوہ ملازمین کیلئے 20 فیصد ایڈہاک ریلیف سب کو شامل کر کے یہ 34% بنتے ہیں۔ اکرم درانی صاحب اور سکندر خان میرے بعض دوستوں نے اس پہ بات کی تھی کہ چونکہ فیڈرل گورنمنٹ نے ہمیں سپورٹ نہیں کیا ہے War on terror میں یا ان چیزوں میں تو ہم کیوں فیڈرل گورنمنٹ کا شکریہ ادا کریں؟ تو میں ان کو یہی بتانا چاہتا ہوں کہ War on terror کے سلسلے میں جو 1% ہمیں مل رہا ہے، جس طرح سال 2010-11 میں 14 ارب 55 کروڑ روپے، 2011-12 میں 18 ارب 35 کروڑ روپے، 2012-13 میں 22 ارب 70 کروڑ، سات کروڑ کے علاوہ ملاکنڈ پیکج میں ہمیں فیڈرل گورنمنٹ نے 11 ارب 80 کروڑ روپے اس کے علاوہ دیئے ہیں جی۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: آپ ذرا ایک منٹ رک جائیں جی۔ شازیہ اورنگزیب بی بی! آپ کہاں ہیں؟ شازیہ بی بی۔ جاوید عباسی صاحب! آپ، میاں افتخار صاحب اور لیاقت شباب، شازیہ بی بی، چیف ایگزیکٹیو پیسکو کافی دیر سے ادھر انتظار کر رہا ہے، آپ ذرا یہ معاملہ ان کے ساتھ Clear کر لیں۔ میاں افتخار صاحب، پلیز یہ خویشگی سکیم والا، وہ ان کے کام کے دن ہیں اور Strict خراب دن ہیں۔ چیف ایگزیکٹیو پیسکو کے ساتھ آپ بیٹھ جائیں۔

جناب لیاقت علی شباب (وزیر آبکاری و محاصل): جناب سپیکر صاحب! میری ریکویسٹ یہ ہے کہ جو Clarification میں نے august House کو دیدی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ اس کے بعد اس میں کوئی ابہام رہتا نہیں ہے، اگر پھر بھی آپ چاہتے ہیں تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ لوگ پانچ، دس منٹ بیٹھ جائیں، ان کو چائے پلائیں اور ان کے ساتھ Clear کریں، اگر کوئی ہو۔ میاں صاحب! جائیں۔ آپ بھی جائیں، شازیہ بی بی، آپ بھی جائیں۔ جاوید عباسی! آپ بھی۔ جی ہمایوں خان! Carry on, please

وزیر خزانہ: تو جناب سپیکر، اس طرح فیڈرل گورنمنٹ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: احمد حسین شاہ! آپ بھی جائیں۔

وزیر خزانہ: فیڈرل گورنمنٹ نے ہر موقع پہ صوبائی حکومت کی سپورٹ کی ہے، اگر وہ اٹھارہویں ترمیم یا جس طرح بشیر بلور صاحب نے کہا کہ ہمارے صوبہ خیبر پختونخوا کا نام یا اور بھی بہت سے، بجلی کے بقایا جات دینے میں تو Naturally فیڈرل گورنمنٹ جس نے ہمارے ساتھ سپورٹ کی تو اس کی تعریف ضروری ہوتی ہے اور ان شاء اللہ ہم اور بھی Expect کرتے ہیں کہ فیڈرل گورنمنٹ ہمارے ساتھ اس سلسلے میں اور بھی سپورٹ کرے گی۔ سکندر شیر پاؤ نے ایک ذکر کیا تھا GST کے بارے میں کہ GST چونکہ پراونشل سبجیکٹ ہے تو کیوں پراونسز اس کو Collect نہیں کر رہے ہیں؟ اس سلسلے میں کہ اس میں شک نہیں کہ یہ پراونشل سبجیکٹ ہے لیکن چونکہ ہماری اپنی Capacity اتنی نہیں ہے اور میں صرف صوبہ خیبر پختونخوا کی بات نہیں کرونگا، صرف سندھ اس وقت Collection کر رہا ہے، بلوچستان، پنجاب اور صوبہ خیبر پختونخوا کیلئے Collection فیڈرل گورنمنٹ کر رہی ہے، جیسے ہی ہم اپنی پوری کر لیں گے اور اس میں کوشش یہی ہو گی، ایسا نہ ہو کہ ہم ابھی سے اپنے اس پہ کام کریں تو جس طرح 1% ہم سے فیڈرل گورنمنٹ لیتی ہے، اس میں ہمارا خرچہ 2% آئے تو پھر بھی صوبے کو نقصان ہو گا، تو اس وجہ سے یہ ابھی فیڈرل گورنمنٹ Collect کر رہی ہے اور ان شاء اللہ کوئی وہ نہیں ہے۔ باقی سکندر خان نے یہ بھی کہا تھا کہ فیڈرل گورنمنٹ نے آپ کا Budget estimate میں یہ ڈالا تھا کہ GST، ان سروسز سے آپ کو اتنے پیسے ملیں گے لیکن یہ کم ملے ہیں تو وہ تو فیڈرل گورنمنٹ چونکہ Collection کر رہی ہے اور جو فگرز ہمیں وہ Provide کرتی ہے، اسی کو ہم بجٹ کا حصہ بناتے ہیں، تو اس میں نہ ہم نے کسی بات کو چھپانے کی کوشش کی ہے اور صوبے کے Interest میں جو بھی ان شاء اللہ، یہ

صوبہ پہلے بھی کرتا رہا ہے اور ان شاء اللہ اب بھی کرے گا ان شاء اللہ تعالیٰ۔ باقی بلامبٹ ایریگیشن سکیم، باقی سکیمز کے بارے میں بات ہوئی تھی، بشیر بلور صاحب نے وہ کیا ہے، بلامبٹ ایریگیشن سکیم کے بارے میں زمین خان اور باقی دوستوں نے بھی بات کی تھی تو اس سلسلے میں چونکہ میں خود یہ سمجھتا ہوں کہ یہ اس ہاؤس کا استحقاق مجروح ہوا ہے، میں خود یہ سمجھتا ہوں، (تالیاں) ان شاء اللہ میں اس ہاؤس کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ بجٹ سیشن کے دوران ہی ہم ایک انکوائری مقرر کریں گے تاکہ جس نے بھی کوئی غلط بیانی کی ہے، ڈیپارٹمنٹ نے تو ہمیں یہ کہا ہے کہ یہ Complete ہوا ہے لیکن جس نے بھی یہ غلط بیانی کی ہے، اس کو ان شاء اللہ ہم Punish بھی کریں گے اور اس ہاؤس کے سامنے ہم وہ رپورٹ دیں گے کہ کیا Factual position ہے ان شاء اللہ۔ (تالیاں) امبریلہ کے بارے میں ملک قاسم صاحب نے بھی بات کی تھی لیکن وہ نلوٹھا صاحب نے کافی تفصیل سے اس پہ بات کر لی جی۔ قلندر خان لودھی صاحب نے جنگلات کی کٹائی اور فارسٹ گارڈز کیلئے اضافی آسامیوں کی بات کی تھی تو میں ان کو بتانا چاہتا ہوں کہ اس وقت 1410 فارسٹ گارڈز ہیں جی، اگر محکمہ جنگلات سمجھتا ہے کہ ہمیں ضرورت ہے، اس چیز کی کہ ہمیں اور Vacancies دے دیں تو ہم ان سے بات کر لیں گے ان شاء اللہ اور یہ ضرور کریں گے۔ ثاقب خان نے Capital Gain Tax کی بات کی تھی کہ Capital Gain Tax جو ہے نا، وہ فیڈرل گورنمنٹ کی طرف سے اس پہ ٹیکس وہ کیا ہے تو اس میں ہماری اطلاعات کے مطابق ٹیکس لگانا یہ صوبے کے دائرہ اختیار میں ہے جی، ان شاء اللہ ہم آئندہ این ایف سی جب بھی اس پہ، Monthly یا Quarterly اس پہ وہ کریں گے تو اس کو بھی ہم فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ Take up کریں گے۔ باتیں بہت ہیں لیکن چونکہ مجھے پتہ ہے، احساس ہے کہ جمعہ کا دن ہے اور اس پہ میں زیادہ ٹائم لینا بھی نہیں چاہونگا لیکن جو جو ضروری باتیں تھیں، اور باقی تجاویز آئی ہیں دوستوں کی، جس طرح 'ہزارہ ایکسپریس وے' کی بات آئی ہے تو یہ میں اسی کے بارے میں ذرا بتاتا چلوں، یہ ضروری ہے ہاں زیادہ، اس پر مفتی کفایت اللہ صاحب نے بھی بات کی تھی، عنایت اللہ جدون صاحب نے بات کی تھی۔ جناب سپیکر صاحب، 'ہزارہ ایکسپریس وے' جو E-35 کے نام سے جانا جاتا ہے، فیز-I میں یہ حسن ابدال تا حویلیاں 44 دیہات میں زمین کے حصول پر کام جاری ہے، 20 دیہات میں Award ہو چکا ہے، باقی میں زمین کا حصول ایڈوانس مرحلے میں ہے۔ فیز-II حویلیاں تا مانسہرہ پر مشتمل ہے، پہلے مشرق کی طرف ڈیزائن کو، آرمی کی طرف سے کا کول ایریاز میں NOC نہ ملنے کی وجہ سے اب اس کا ڈیزائن تبدیل کر رہے ہیں تاکہ یہ پھر

ایک بائی پاس کی صورت میں شملہ پہاڑی اور اس طرح مانسہرہ کی طرف جائے، تو ابھی ڈیزائن پہ کام شروع ہے چونکہ وہ Alignment change کرنا پڑی اس وجہ سے اس میں ذرا Delay ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> اصل میں اس پراجیکٹ میں میں خود بھی کافی میٹنگ کر چکا ہوں تو اس کو آپ ضرور Seriously ان کے ساتھ Take up کریں کیونکہ PAC کا اجلاس ابھی ایبٹ آباد میں ہوگا اور اس میں یہ ایشو پھر دوبارہ آئے گا تو گورنمنٹ سے میری گزارش ہو گی کہ اس کو جتنا تیز Take up کر سکتے ہو، مرکز کے ساتھ Take up کرے تاکہ اس کی Ground breaking ceremony ہو جائے۔ تھینک یو جی، بس ختم؟

<u>وزیر خزانہ:</u> اس میں جناب سپیکر، ثاقب اللہ خان نے CSR کی Revision کی بات کی تھی، تو اس میں پراونشل گورنمنٹ نے کمیٹیز تشکیل دی ہیں تاکہ وہ مارکیٹ کا سروے کر کے ان شاء اللہ اس پہ وہ کمیٹیاں رپورٹ دیں گی اور ان شاء اللہ اس کو جلد سے جلد ہم کریں گے۔۔۔۔۔

(شور)

<u>وزیر خزانہ:</u> اس پر میں یہی کہہ رہا ہوں کہ چونکہ۔۔۔۔۔

(شور)

<u>وزیر خزانہ:</u> نہیں نہیں، میں اس لئے یہ کہہ رہا ہوں کہ مارکیٹ کی Price کے مطابق وہ سروے کر کے ٹیکنیکلز کمیٹیاں بنائیں، جیسے ہی وہ اپنی رپورٹ دیں گی، ان شاء اللہ ہم اس کو Consider کریں گے۔ جناب سپیکر صاحب، جس طرح قلندر خان لودھی صاحب نے کہا تو ہم اس کیلئے ایک وہ کر رہے ہیں، پالیسی بنا رہے ہیں کہ جس طرح امبریلہ سکیمز کی انہوں نے بات کی کہ چونکہ بعض ممبران کی سکیمز جلدی آ جاتی ہیں، بعض لیٹ آ جاتی ہیں تو اس کیلئے ان شاء اللہ پی اینڈ ڈی کوئی طریقہ کار بنا رہا ہے تو ان مشکلات کو بھی ہم Over come کر لیں گے۔۔۔۔۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> بلامبٹ کے بارے میں آپ نے کچھ کہا ہی نہیں۔

<u>وزیر خزانہ:</u> بلامبٹ کا تو جی آپ کو میں نے کہہ دیا ہے مفتی صاحب! کہ انکوائری کر رہے ہیں، اگرچہ میں تو یہی سمجھتا ہوں کہ ہمیں یہی رپورٹ ملی ہے، پی اینڈ ڈی کو یہ رپورٹ ملی ہے کہ یہ Complete ہے۔ اگر کہیں سے یہ غلط نکلی تو ان افسران یا جو بھی اہلکار ہیں، ان کے خلاف ضرور ان شاء اللہ ہم کارروائی کریں گے جی، (تالیاں) لیکن بعض ایسی چیزیں بھی ہیں، بعض ایسے Initiative بھی ہیں جو

موجودہ صوبائی حکومت نے پچھلے سال بھی ان کیلئے وہ لائے تھے جس طرح 'باچا خان خپل روزگار سکیم ' ہے، مفتی کفایت اللہ صاحب نے یہ بات کی تھی کہ چونکہ یہ دو ارب روپے تو Allocate ہوئے ہیں، ویسے آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ Return بھی ہو رہے ہیں تو اس کو آپ نے بجٹ بک میں بتایا نہیں ہے۔ اصل میں سر، میں یہ عرض کرتا چلوں کہ 'باچا خان خپل روزگار سکیم' کیلئے ایک ارب پہلے سال، ایک ارب پھر Current year اور ایک ارب آئندہ سال کیلئے ہم اس کو Allocate کر رہے ہیں اور یہ نہیں ہے کہ یہ پیسے واپس آئیں گے، یہ بینک آف خیبر کے ساتھ جس طرح کوئی Return کرتا ہے تو نئے Beneficiary کو وہ پیسے ملتے رہیں گے، یہ نہیں کہ وہ پراونشل گورنمنٹ کو Receive ہونگے اور ہم بجٹ بک میں Declare کرنا چاہیں گے اور جناب سپیکر صاحب، اس کے ساتھ ساتھ اس دفعہ اور بڑی اچھی اچھی سکیمز پراونشل گورنمنٹ ہیلتھ سیکٹر میں لائی ہے، انڈسٹریز سیکٹر میں جس طرح ہم نے انڈسٹریز کو Promote کرنے کیلئے ایک وہ کی ہے، جس طرح ایگریکلچر سیکٹر کو، تو ہماری کوشش یہی ہے، Kitty ایک ہی ہے ہمارے پاس، اس کو جو جو سیکٹر بھی Priority wise، سب سے پہلے لاء اینڈ آرڈر کو ہم نے وہ کیا ہے، ہر سیکٹر کو ہم نے Priority wise اس کو View کیا ہے اور ان شاء اللہ ہمیں جو بھی تجاویز معزز ممبران صاحبان کی آئی ہیں، اس کو بھی ہم Consider کریں گے۔ ایک دفعہ میں پھر آپ کا اور اس معزز ایوان کے تمام ساتھیوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ بہت مہربانی جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: ایک۔۔۔۔۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی</u>: جناب سپیکر۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ سارے معزز اراکین نے کہا کہ یہ ایک Hill Station بن سکتا ہے، اس کیلئے۔۔۔۔۔

<u>وزیر خزانہ</u>: جناب سپیکر صاحب کا حکم تھا کہ چونکہ زیادہ باتیں ہوئی ہیں، نماز کا مسئلہ ہے تو، نماز ہونی ہے، 'سوری' ۔۔۔۔۔

<u>ایک آواز</u>: ابھی تو کافی وقت۔

<u>وزیر خزانہ</u>: نہیں نہیں، 'سوری' نماز، چونکہ جمعہ کی نماز کی بات ہے تو اس وجہ سے میں نے کوشش کی ہے کہ تھوڑا وہ کر لوں، ورنہ ڈیٹیلز تو میرے پاس ہیں۔ اگر جناب سپیکر اجازت دیتے ہیں تو ان شاء اللہ۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، اگر شیخ بدین جنوبی اضلاع کیلئے ایک اچھا Summer Station بن سکتا ہے تو اچھی تجویز ہے۔ بات کافی ممبران صاحبان کی طرف سے آئی ہے، اس کو Consider کریں، گورنمنٹ Consider کرلے۔

وزیر خزانہ: Consider کرلینگے لیکن ہر چیز کا جناب سپیکر، چونکہ آپ کی ہدایت تھی کہ اس کو شارٹ کر دیں تو اس وجہ سے میں ہر چیز کا جواب فرداً فرداً نہیں دے سکا۔ تھینک یو۔

جناب سپیکر: Thank you, thank you very much۔ یہ ایک پوائنٹ جو زیادہ اراکین نے اٹھایا تھا کہ ترقیاتی سکیمیں، چونکہ Election year ہے، پی اینڈ ڈی سے اور فنانس سے اور ادھر سے جہاں سے وہ PDWP یا PC-I کی Approval, technical sanction، یہ چیزیں ذرا اس سال دوسرے سالوں سے تیز ہوں، ذرا War footing پہ کرلیں کیونکہ معزز اراکین کا وقت، اور اس وقت ان کی ضرورت ہے۔ تھینک یو جی۔

(تالیاں)

## مطالبات زیر بحث اور رائے شماری

Mr. Speaker: Demands / Cut Motions: The honourable Minister for Law and Parliamentary Affairs, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 1.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): شکریہ جناب سپیکر-----

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: ثناء اللہ خان صاحب! آپ اسی کٹ موشن پہ جو بھی پھر کہنا چاہیں، اس پہ کہہ دیں۔

وزیر قانون: میں ایک تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 7 کروڑ 95 لاکھ 18 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2013ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران صوبائی اسمبلی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔ مہربانی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs.7 crore, 95 lac and 18 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2013, in respect of the Provincial Assembly.

Since no cut motion has been moved by any honourable Member on demand No. 1, therefore, the question before the House

is that Demand No. 1 may be granted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Demand is granted. Demand No. 2: The honourable Minister for Law, on behalf of the honourable Chief Minister, to please move his Demand No. 2.

وزیر قانون: شکریہ جناب سپیکر۔ میں ایک تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ ایک ارب 45 کروڑ 28 لاکھ 80 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2013ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران نظم و نسق عمومی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔ مہربانی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. One billion, 45 crore, 28 lac and 80 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2013, in respect of General Administration”.

Cut motions on Demand No. 2: Honourable Muhammad Akram Khan Durrani Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 2.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): سپیکر صاحب، مونږ خپلو کبنې خبره کړې ده، زمونږ نور ممبران به وکړی، زه خپل کټ موشن واپس اخلم۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: The motion withdrawn. Sanaullah Khan Miankhel, to please move his cut motion on Demand No. 2.

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آنریبل ممبر صاحب کا مائیک آن کیا کریں۔

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: سر، یہ اچھی خوشخبری ہے کہ ہم کٹ موشن واپس لے رہے ہیں (ہنستے ہوئے) لیکن تھوڑی سی بات ہوتی ہے، ویسے میں زیادہ بولنے کا عادی نہیں ہوں، مہربانی کیا کریں، تھوڑا سا، کہیں ادھر ادھر کی بات نہیں کرونگا، کام کی بات ہوتی ہے۔ مجھے امید ہے کہ ہمارے اس رویے سے ہمیں تھوڑا سا کوئی، ویسے کسی قانون کے یا رولز کے Against بھی ایک تھوڑی سی بات آجاتی ہے، سخاوت کیا کریں سر۔

جناب سپیکر: بولیں جی، بولیں۔

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: نہیں نہیں، ایسی بات نہیں ہے۔ سر، اس میں چونکہ اس دن وہ بات چلی تھی، میں اشارہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پہلے آپ کٹ موشن واپس لیں تاکہ میں یا اور بھی۔۔۔۔۔

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: میں کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے، آپ بولیں جی۔

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

Mr. Speaker: Cut motion withdrawn. جی اب بولیں، آپ کیا کہنا چاہتے ہیں؟

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: سر، میں نے اس دن، یہاں پر بات چلی تھی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: کالج میں جو ایک Dispute پیدا ہوا تھا، چونکہ وہاں پر اس قسم کی بات ہوئی تھی اور مجھے اس میں Witness بنایا گیا کہ ڈی آئی خان Landless ہو گیا ہے۔ سر، میں یہی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ڈی آئی خان کی زمین میرے خیال میں اس قسم کے اہم کاموں کیلئے اتنی وافر پڑی ہوئی ہے کہ اگر وہاں پر یہ صوبے کے سارے دفاتر بھی، سیکرٹریٹ اور اسمبلی کو بھی وہاں پر لے جایا جائے تو میرے خیال میں ڈی آئی خان کی اتنی زیادہ وسعت ہے وہاں پر، یہ اور بات ہے کہ اس وقت میں نے اپنے سی ایم سے ریکویسٹ کی تھی کہ جناب والا، ڈی آئی خان جو کہ اس منصوبے کے حوالے سے Comparatively، لیکن وہ علاقے جو اس وقت ہماری طرح Undeveloped ہیں، ہر ایک کو برابر کی سطح پر لانے کیلئے، چیف منسٹر صاحب نے مجھے کہا کہ یہ ہماری صوبائی سکیم ہے، ہم اس کو صوبائی اے ڈی پی میں ایڈجسٹ کر رہے ہیں اور وہاں پر سائٹ ہم نے خود سلیکٹ کی ہے۔ تو اس لئے میں وضاحت دینا چاہتا تھا کہ اگر اس کو، وہاں پر جو Disputes ہیں، ڈی آئی خان لے جایا جائے تو میرے خیال میں زیادہ مناسب بھی ہے اور اگر کوئی Donation کی بات آتی ہے تو پھر بندہ حاضر ہے۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Oh very good, thank you ji.

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: بہت بہت مہربانی، شکریہ۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Sardar Aurangzab Khan Nalotha Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 2.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں اپنی کٹ موشن کی تحریک واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Thank you ji, withdrawn. Saeeda Batool Nasir Sahiba, please move her cut motion on Demand No. 2. Not present, it lapses. The motion before the House is that the-----

(نور شته پکښې څه؟ بنه دا څه وایي) میں تو سمجھا کہ بس یہی ہیں۔ (قہقہہ)

Mr. Sikandar Hayat Khan Sherpao, to please move his cut motion on Demand No. 2.

Mr. Sikandar Hayat Khan Sherpao: Thank you, Mr. Speaker. Sir, I beg to move a cut motion of one hundred thousand rupees on Demand No. 2.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac only. Mr. Abdul Akbar Khan, to please move his cut motion on Demand No. 2. (دا خو دیکښې نشته)

Mr. Abdul Sattar Khan, to please move his cut motion on Demand No. 2.

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر! میں ایک کروڑ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں ڈیمانڈ نمبر 2 پہ۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one crore only. Haji Qalandar Khan Lodhi Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 2.

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! میں ایک سو روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Janab Zameen Khan, to please move his cut motion on Demand No. 2.

جناب محمد زمین خان: زۀ ئے واپس اخلم۔

Mr. Speaker: Withdrawn.

جناب محمد زمین خان: وزیر اعلیٰ صاحب نشته نو په دې وجه باندې ئے واپس اخلم۔

Mr. Speaker: Thank you, withdrawn. Mr. Muhammad Javed Abbasi. وہ تو جرگے میں گئے ہیں، Next, Mufti Kifayatullah Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 2.

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر صاحب! وزیر اعلیٰ صاحب ہوتے تو میں کچھ گزارشات کرتا، وہ نہیں ہیں تو ایک روایت چلی ہے واپس لینے کی تو میں بھی واپس لیتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn, thank you. Malik Qasim Khan Khattak Sahib. Not present, it lapses. Nighat Yasmeen Orakzai Sahiba, please.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب! چونکہ وزیر اعلیٰ صاحب موجود نہیں ہیں اس لئے میں کٹ موشن واپس لیتی ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn, thank you.

(Applause)

Mr. Speaker: Ji honourable Sikandar Hayat Khan, to please start discussion on your cut motion, please.

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: ډیره مهربانی، جناب سپیکر۔ زۀ ستاسو مشکور یم چې تاسو ما له موقع راکړه۔ جناب سپیکر، بنیادی طور باندې د دې کټ موشنز چې کوم مقصد دے، هغه دا دے چې دا کوم ډیمانډ دوئ کوی، د یو محکمې د پاره چې د هغې ټوټل ډیټیلز ورکړی او د دې هاؤس مخامخ راشی او په هغې باندې بحث اوشی او په هغې باندې خبره اوشی چې هغه فګرز دوئ څه د پاره دا پیسې غواړی او کوم مد کښې به ئے استعمالوی؟ او د هغې نالج دې هاؤس ته اوشی خو زۀ ډیر افسوس سره وایم چې د ډیرې مودې نه دا یو Trend شروع شوے دے چې دیکښې کوم دا دومره غټ کتابونه او دا دومره دغه مونږ له راکړی کیږی، دیکښې هغه فګرز هغه شان صحیح نه ورکړې کیږی، هغه د دې د کټ موشنز چې کوم بنیادی مقصد وو یا د دې هغه Concept دے، د هغې خلاف ورزی کیږی او چونکه ټولو کښې اول دا خلاف ورزی په جنرل ایډمنسټریشن کښې کیږی نو چې دا محکمه خلاف ورزی کوی نو بیا نورې محکمې پخپله هغه شان دغه کوی ځکه چې دا د ټولو، د بیروکریسی، د پولیټیکل لیډر شپ، د هغوی د ټولو یو ځائے یو مد دے او یو محکمه ده نو چې د دوئ دا دغه وی نو بیا مونږ به د نورو نه څه Expect کوؤ؟ جناب سپیکر، زۀ به لاندې تاسو ته Discrepancies اوښایم، زۀ صرف د فګرز Discrepancies خبره کوم۔ دیکښې زما څه دغه نه دی چه یره دا ولې دلته کښې زیات دغه شو خو صرف دې باندې چې Figures discrepancies وګورئ۔ فنانس منسټر صاحب په خپل سپیچ کښې وئیلی دی چې مونږ صرف 20% تنخواګانې زیاتې کړې دی۔ ما په هغې کښې چې کومه خبره کړې وه، زه به د هغې هم لږه خبره وکړم، فنانس منسټر صاحب زما هغه جواب

هغه شان پوره رانه کړے شو۔ ما چې کومه خبره په بجټ سپيچ کښې اوچته کړې وه، هغه ما دا کړې وه چې په وائټ پيپر کښې Introduction کښې دوئ دا وئيلی دی چې دا 34% د دې وجه نه شوے دے چې مونږه بې تحاشه او بې دريغه Employment کړے دے نو ځکه 34%، د دوئ خپل د فنانس ډيپارټمنټ دا الفاظ وو۔ دوئ چې واپس هغه دغه کوی نو د هغې ئے ما له دا سې جواب راکړو چې دا 34% ځکه دے چې څه کسان مونږ بهرتی کړی وو او څه مونږهCater 20% کړے دے نو دغه کښې اوس هم لا دغه شته خو دوئ د 20% دغه اعلان کړے وو۔ جناب سپيکر، که تاسو 68 Page ته لاړ شئ او دې Page 68 کښې-----

<u>جناب سپیکر</u>: ایک منٹ،ایک منٹ جی،آج نماز پونے دو بجے ہو گی اوران شاء اللہ ڈیڑھ بجے تک ہم سیشن چلائیں گے،اب وقت کو دیکھیں جی۔ جی پلیز سکندر خان۔

<u>جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ</u>: جناب سپيکر، په 68 Page باندې دوئ دا د پرسنل اسسټنټس تنخواه ورکړې ده، فگر، ديکښې د 12-2011 چې دے څه 38 lac, 60 thousand and five hundred ورکړے دے، په 13-2012 کښې 53 lac, 56 thousand and two hundred دغه کوی، تعداد هم هغه هومره دے، نه پکښې زيات شوے دے نه څه دا دغه دے چې نوی کسان په ديکښې دغه کيږی نو دا خو 20% نه زيات، دا خو تقريباً 40% Increase ديکښې دغه کيږی۔ دغه شان On the same page د جونيئر کلرکس چې دے، 16 لاکھ 50 هزار وروستو کال دوئ دغه کړے وو، دې کال 26 لاکھ ايک هزار 940 دغه کړے دے، دا هم تقريباً د 30 / 35% نه زيات Increase ديکښې راځی۔ Similar is the case with Naib Qasids, three millions last year دوئ دغه کړے وو، دې کال 42 lac, 26 thousand 380 دغه کوی، هغه که هم وګورئ نو هغه هم زيات پرسنټيج راځی۔ اسسټنټس هم The similar figure دے۔ بيا چې Page 87 ته لاړ شو نو هغې د ايډيشنل سيکرټری Last year, 10 lac, 48 thousands, 210دغه کړے وو، ما د تنخواه Increase اوريدلے دے، دا ما چرته Decrease نه دے اوريدلے۔ دې کال ئے 8 لاکھ 98 هزار د هغې د پاره دغه کړے دے، زما ديکښې چې کوم پوائنټ دے، هغه دا دے چې غلط فګرز ولې ورکوئ؟ که دغه ورکول دی، ډيټيل ورکول دی، دا تاسو باندې Binding دی نو صحيح فګرز ورکوئ۔ چې

دې هاؤس ته تاسو دا دغه کوئ چې غلط فګرز تاسو راوړئ او راکوئ نو بيا څله زمونږه ټائم ضائع کوئ او څه د پاره د دې قوم پيسې ضائع کوئ؟ جناب سپيکر، دا کم ازکم چې د جنرل ايډمنسټريشن محکمې که دا حال وی نو د نورو نه به مونږ څه Expect کوؤ او څه به مونږ دغه کوؤ چې دوئ به راته نورو له Guiding principles ورکوی؟ جناب سپيکر، دا يو دغه جوړ شوے دے چې دلته کښې به صرف مونږ له دا کتابونه راکړې شی او دا دومره دغه نه وی چې مونږ ټول هر يو فګر اوکتے شو خو هغه هسې صرف Formalities پوره کيږی لګيا دی۔ د دې هغه بنيادی مقصد چې هغه نه دغه کيږی، ولې د مونږ دهوکه ځان له ورکړو، ولې د دې ايوان ټائم مونږ ضائع کوؤ؟ جناب سپيکر، دې طرف ته زه غواړم چې توجه د راشی او دا مسئله چې ده، د دې دغه نه د مونږ اوځو چې دا خود بس اووائی چې هډو ورکوؤ نه فګرز يا چې بيا ورکوؤ نو چې کم ازکم د دې هاؤس استحقاق نه مجروح کيږی، د ممبرانو ټائم پرې نه ضائع کوؤ۔ مونږ وروستو کال نه مخکښې چې کوم بجټ وو نو په هغې کښې مونږ کافی د سی ايم سيکرټريټ په خرچو باندې خبره اوچته کړې وه، د هغې Positive دغه دا شو چې وروستو کال کښې لږ ډير هغه ئے په کنټرول کښې ساتلی وو خو د هغې دغه څه چې بهائی خالی يو کال د مونږ کنټرول کړو او تاسو د هغې نه پس بيا هم هغه شان هغه سلسله شروع کړه، دې کال کښې مونږ چې بيا وګورو په Page 65 د سی ايم سيکرټريټ د Entertainment and gifts, 38 million 588 thousands ساتلې شوی وو، 51 millions خرچ شوی دی۔ جناب سپيکر، دا Increase 32% دے او که دا تاسو هم وګورئ نو دا د لس لکهو نه زيات تيره چوده لاکھ روپئ Per month Per month دا خرچ راځی۔ دغه شان Operating expenses, 43 million 728 thousand ايښودلې شوی وو او 58 million 816 thousand دغه شوی دی، څه 34% خرچ دے۔ دغه شان نور دغه هم شته۔ جناب سپيکر، مونږ د ولې داسې Estimate ځان ته ايږدو، ولې د داسې اهداف ځان ته ايږدو چې هغه نه شو پوره کولے؟ دا صرف د دغه د پاره چې يره دا فګرز چې کوم مونږ په بجټ کښې Reflect کوؤ چې بس د هغې د پاره د دا دغه برابر کړو، Actual realistic دغه کول پکار دی او خصوصاً چې زمونږ دا ډيپارټمنټ په خپل Fiscal discipline

باندې کنټرول نشی ساتلے ، دوئ چې خپل بجټ کښې ډسپلن نشی راوستلے او د خپل بجټ چې کوم فګرز دی، هغې ته دوئ نشی دغه کیدے نو بیا به د نورو ډیپارټمنټس نه مونږ څه طمع لرو؟ جناب سپیکر، دا خبره مونږ بار بار اوچته کړه خو د دې مونږ ته هغه شان څه دغه ملاؤ نه شو، زما به دا طمع وی چې کم از کم په دې کال کښې دې طرف ته توجه ورکول ضروری دی او دا سیریس مسئلې دی ځکه چې رو رو که مونږ ګورو نو زمونږ اخراجات زیاتیږی لګیا دی۔ زمونږه هغه لحاظ سره Recourses چې دی، هغه کم دی، Receipts زمونږه خپل Own receipts هغه شته نه، ټول Depend زمونږ په فیډرل ګورنمنټ دے او د هغې ټول به په مونږه باندې به Tackle کوی او رو رو به زمونږ ډیویلپمنټ بجټ به د یکښې کمیږی چې که دې طرف ته مونږه توجه ورنکړه، مونږه خپل اخراجات کنټرول کښې نکړل۔ د بجټ اصلی، Main هغه Aim دے چې اخراجات کنټرول کول دی او هغې طرف ته دې شی کښې ګورنمنټ ناکامه شوے دے جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی۔ایک گزارش ہے کہ زیادہ تر ڈیمانڈز پر 47، 47کٹ موشنز آئی ہیں، سارے ٹوٹل گرانٹس پر 741کٹ موشنز آئی ہیں اور 58ڈیمانڈز ہیں توآپ سے گزارش ہے کہ خالی Specific Demand پر دو دو منٹ سے زیادہ نہ بولا جائے تو پھر آخر میں وہ Bulldozing جس کو کہتے ہیں Guillotine, guillotine کے استعمال کی وہ نوبت نہیں آئیگی تو Kindly وقت کی کمی کا ذرااحساس کریں،سب معززاراکین۔عبدالستار خان صاحب،پلیز۔

<u>جناب عبدالستار خان:</u> تھینک یو،جناب سپیکر۔میں نے یہ کٹ موشن اس لئے لائی ہے کہ پورے ہاؤس کو معلوم ہے کہ آج سے پہلے میں نے بجٹ سپیچ میں جو میرا خیال تھا، میں نے اس کو پیش کیا تھا، چار سال سے میں چاہ رہا ہوں اور اس پورے مسئلے کا حل جو مجھے نظر آرہا ہے، وہ اس لئے کہ ہم اپنے غیر ترقیاتی اخراجات، چاہے ممبران اسمبلی ہیں، چاہے ہماری ایڈمنسٹریشن ہے، وہ کم کریں اور اس میں میں نے تجویز دی تھی اور اس کیلئے میں نے اپنے آپ کو پیش بھی کیا تھا۔ میں کہتا ہوں کہ ہمارے وزیراعلیٰ صاحب ہمارے چیف ایگزیکٹیو ہیں،اس صوبے کا Symbol ہیں،اگر وہ ایک ایسی مثال سامنے لاتے تو پوری ہماری جتنی بھی ایڈمنسٹریشن ہے، ہماری اسمبلی کے ممبران ہیں، ہم ان کی تقلید کرتے اور اپنے اخراجات میں کمی کرتے۔جناب سپیکر،اس کی واضح مثال یہ ہے کہ آج کل جو پنجاب گورنمنٹ ہے،وہاں پر وزیراعلیٰ صاحب نے پروٹوکول اور دوسرے اخراجات،Even یہاں تک اپنے جو باہر کا وزٹ ہے،اس پر جو خرچہ آتا ہے،

وہ اس نے سکالرشپ پر لگایا۔ میں مختصراً یہ گزارش کرونگا، اس کٹ موشن کو لانے کا بھی مقصد میرا یہ ہے کہ آج اگر ہم فکر کریں تو یہ کوئی بڑی بات نہیں اور یہ تاریخی فیصلہ ہوگا اور اگر گورنمنٹ کرے تو یہ مثال بنے گی، آنے والی جو حکومتیں ہیں ان کیلئے، آنے والے وزراء اعلیٰ کیلئے، آنے والے وزراء کیلئے، ممبران اسمبلی کیلئے، اس کا حل اور کوئی، ایک سال ہم نے قربانی دینی ہے، جس نکتے پر میں نے زور دیا ہے اور جو عرض پہلے میں نے کی ہے۔ اس سے پہلے فری بجٹ سیمینار میں بھی، ایک سال اگر ہم قربانی دیں تو اس صوبے کیلئے بہت بڑے وسائل پیدا کر سکتے ہیں اور اس صوبے کیلئے بہت میگا پراجیکٹس شروع کر سکتے ہیں۔ تو یہی میرا مقصد تھا اور اس کو میں نے Reflect کیا ہے، اس کٹ موشن میں اور کوئی میرا اس میں مقصد نہیں کہ ہم سارے اس مسئلے پر غور کریں، ایک سال قربانی دیکر اس صوبے کو میں کہتا ہوں کہ جو مشکلات ہیں، اس سے نکال کر ایک خود کفیل صوبہ بنائیں، یہ میرا خیال بھی ہے اور میری خواہش بھی ہے، میرا ارادہ بھی ہے، یہ میں اس لئے لایا تھا، باقی میں اس پر زور نہیں دیتا۔

<u>Mr. Speaker:</u> Thank you, withdrawn?

<u>Mr. Abdul Sattar Khan:</u> Withdrawn.

<u>Mr. Speaker:</u> Withdrawn. Ji, Janab Haji Qalandar Khan Lodhi Sahib.

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> شکریہ۔ جناب سپیکر! یہ جنرل ایڈمنسٹریشن میں ایک ہیڈ آتا ہے جی، ایڈمنسٹریٹیو انسپیکشن ٹیم ہے، پراونشل انسپکشن ٹیم ہے، Page 81 پر جی۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر جناب مسند نشین، عبدالاکبر خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

(تالیاں)

<u>جناب مسند نشین:</u> چیئر کرتا ہوں جی، میں سپیکر۔۔۔۔۔ (قہقہہ)

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> جناب سپیکر، جناب سپیکر، آپ کو چیئر مبارک ہو۔ (قہقہہ) جناب سپیکر، جنرل ایڈمنسٹریشن کے ہیڈ میں یہ آتا ہے، ایڈمنسٹریٹیو انسپیکشن ٹیم Page 81 پر ہے تو اس میں پراونشل انسپکشن ٹیم کے متعلق، اس میں کوئی تقریباً 14 ہمارے پاس آفیسرز آتے ہیں جو 16 گریڈ سے لیکر 18، 20 گریڈ تک ہیں۔ اس میں جی اس کے ساتھ کتنے ڈرائیور ہیں، اس کے ساتھ کتنے کلاس فور ہیں؟ یہ انسپکشن کرتے ہیں صوبے کی، تو یہ اس میں ہے کہ 12-2011 میں اس کیلئے ہم نے رکھا ایک کروڑ 72 لاکھ 80 ہزار روپیہ اور خرچ کیا ہم نے 2 کروڑ 37 لاکھ روپیہ، 37 لاکھ 68 ہزار اور اس دفعہ ہم نے اس کیلئے رکھے 2 کروڑ 29 لاکھ 94 ہزار روپے، تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں گورنمنٹ سے کہ یہ ایک ٹیم ہے،

ہماری انسپکشن کرتی ہے اور اس کا اپنا بھی خرچہ ہے اور پھر جس ڈیپارٹمنٹ میں جاتی ہے، اس پر بھی اس کا خرچہ پڑتا ہے تو یہ Tour صرف دعوتوں کیلئے ہے، گھومنے پھرنے کیلئے ہے یا اس کا کوئی Output نکلتا ہے، صوبے کیلئے کوئی بہتری آتی ہے؟ کیا کوئی Quality of work اس سے بہتر ہوتی ہے، کہیں سروس بھی اس سے بہتر ہوتی ہے؟ اس کے متعلق کچھ لکھا ہوا نہیں ہوتا کہ بھئی اس میں کیا انہوں نے کیا ہے؟ تو اس کے متعلق میں نے اس لئے یہ کٹ کوشن لائی تھی کہ ایسی ٹیموں کا وہ کرنا اور اس سے اگر یہ بھی بچت ہو جائے، چونکہ ہر محکمہ کا اپنا ہیڈ ہے، سیکرٹری ہے، سب کچھ ہے اور اس کے بعد اس کو دیکھ سکتا ہے وہ اپنے لوگوں کو، تو اس پر ایک ٹیم کا علیحدہ سے بنا دینا اور پھر ان کیلئے وہ ڈیپارٹمنٹ ہمیشہ تیاری میں لگا رہتا ہے اور پھر وہ ہفتہ یا ڈیڑھ ہفتہ جاتے ہیں تو ان کے Tour وغیرہ، ریسٹ ہاؤس وغیرہ اور اس کے بعد ان کا اپنا جتنا خرچہ آتا ہے تو یہ بے جا خرچ صوبے کا ہو رہا ہے، اگر انکی کوئی بہتر کارکردگی ہے تو وہ سامنے لائی جائے، گورنمنٹ کی طرف سے تو ہم اسے Appreciate کریں گے، جناب سپیکر۔

<u>Mr. Chairman:</u> Minister for Law and Parliamentary Affairs.

<u>بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون):</u> شکریہ جناب، میں شکر گزار ہوں اپنے تمام بھائیوں کا جنہوں نے بڑی اچھی تجاویز دیں اور بالکل Budget books میں جتنے بھی فگرز ہوتے ہیں، گورنمنٹ کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ accurate 100% ہوں، وجہ اس کی یہ ہے کہ اگر اس میں کوئی Discrepancy ہے تو کل کو پھر وہ جو اکاؤنٹنٹ جنرل کا آفس ہوتا ہے، وہاں سے بلز بھی Clear نہیں ہوتے، نہ Pay یا سیلیریز یا جو بھی، جس ہیڈ میں بھی اگر کوئی تھوڑی بہت Anomaly ہے تو یہ پھر 'فیوچر' کا مسئلہ بنتا ہے۔ کوشش ہوتی ہے گورنمنٹ کے فگرز % 100 ٹھیک آئیں لیکن Human error جو ہے، اس کو آپ Totally ignore نہیں کر سکتے، اگر کہیں پر اس قسم کی Errors آرہی ہیں فگرز میں تو ہم اس کیلئے معذرت خواہیں اور اس کو ان شاء اللہ کوشش کریں گے کہ ہم اس کو جلد از جلد ٹھیک کر دیں۔ باقی اخراجات کی بات ہوئی ہے، سی ایم سیکرٹریٹ کے اخراجات کی تو اس کو Foresee % 100 کرنا کسی بھی چیز کا مشکل اس لئے ہو جاتا ہے کہ سی ایم سیکرٹریٹ میں جتنے بھی فنکشنز ہوتے ہیں آفیشل، ابھی تک چونکہ Security reason کی وجہ سے وہ سی ایم ہاؤس یا سی ایم سیکرٹریٹ میں ہوتے ہیں، اگر وہ تمام Bars ہیں، وکلاء کے Bars ہیں، یونیورسٹی کے فنکشنز ہیں، کالجز کے فنکشنز ہیں، یہ انٹرمیڈیٹ بورڈ کے فنکشنز ہیں، اگر کوئی جرگے ہو رہے ہیں، کسی قسم کی چیزیں، تو سارا سال وہ تمام Activities وہاں پر چل رہی ہوتی ہیں، اس وجہ سے Expenses تھوڑے بہت جو Foresee کئے گئے ہوتے ہیں، اس سے تھوڑے بہت زیادہ لگ گئے اور یہ

کہنا کہ اس کو ہم 100% صحیح طریقے سے Foresee کر لیں تو وہ میرے خیال میں Forecast کرنا Impossible ہو جاتا ہے لیکن ان شاء اللہ ہم کوشش کریں گے کہ جو تجاویز بھی دی گئی ہیں، اس پر عمل کیا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ پراونشل انسپکشن ٹیم کی بات لودھی صاحب نے کی، تو اس کا یہ ہے کہ یہ تو ہر صوبے میں ہوتی ہے اور یہ ضروری بھی ہے، کہیں پر ایسے کسی ڈیپارٹمنٹ میں یا کسی علاقے میں اس قسم کے واقعات ہو جاتے ہیں جن کی انکوائری ضروری ہوتی ہے لیکن ایک Fact finding mission کی حیثیت سے اور پھر اس کو Determine کرنا کہ وہ کوئی کرائم بنتا ہے تو پھر متعلقہ Criminal Agency، جس طرح اگر انٹی کرپشن ہے یا پولیس ہے یا دوسرے ادارے ہیں تو پھر وہ چیف منسٹر کی Approval کے بعد یہ پراونشل انسپکشن ٹیم کی جو رپورٹس ہیں، اس کے مطابق، اسکی Recommendation کے مطابق چیزیں جاتی ہیں۔ تو یہ اس قسم کی باڈی کا ہونا ضروری ہے اور جو ان کی کارکردگی ہے، اس حوالے سے میں لودھی صاحب کو ان شاء اللہ ان کی رپورٹس پیش کروں گا جو انہوں نے کامیابیاں حاصل کی ہیں تو وہ ساری ان کے سامنے ہونگی۔ اس کے ساتھ ہی میں گزارش کروں گا کہ مہربانی کر کے یہ کٹ موشن واپس لیں اور آپ کی ان شاء اللہ جو بھی تجاویز ہیں۔۔۔۔

Mr. Chairman: I think, only Sikandar Sherpao Sahib has not withdrawn his cut motion, therefore, are you requesting him to withdraw?

Minister for Law: I am requesting.

Mr. Sikandar Hayat Khan Sherpao: I have not withdrawn.

Mr. Chairman: No, no, I said that you have not withdrawn.

Minister for Law: This is what I am requesting him that you know, we would do whatever is recommended. He may kindly withdraw his cut motion.

جناب سکندرحیات خان شیرپاؤ: جناب سپیکر! دا Human errors باندې چې شے واچوؤ مونږ کنه جی، دا ځان خلاصولو والا خبرې دی۔ جناب سپیکر، چې اوس دومره Important document چې ټول کال د گورنمنټ چلیدل، هغه په دې باندې به Depend کوی او هغه څو څو ځله به چیک شوے هم وی او څو څو ځله به دغه شوے وی چې هغې کښې مونږ د Human error والا خبره کوؤ او دا یو ځل نه شو جناب سپیکر، دا تاسو هم څو څو ځله کتلی دی، د دې بجټ دغه کښې تاسو هم د دې سټډی کوئ او تاسو ته به هم دا ښکاره شوی وی چې څو څو ځله

غلطئ په دیکښې راځي۔ جناب سپیکر، دې د پاره څه دا سېCompleteحل پکار دے چې کم از کم دا خو یو لحاظ سره مونږ د دې هاؤس هغه استحقاق دغه کوؤ او چې مونږ خپل Budget books ټهیک نه شو ساتلې نو مونږ به د حکومت نه څه طمع کوؤ چې هغوی به حکومت صحیح کوی او هغوی به پالیسئ صحیح جوړوی او هغوی به مخکښې د خلقو خدمت په صحیح طریقې سره دغه کولې شی چې هغوی یو صرف Simple خپل ډاکومنټ چې دے، هغه صحیح نشی ساتلے؟ جناب سپیکر، زه خو په دې باندې ډیر د افسوس اظهار کوم چې دې ته دا سټیټ راغلے دے چې زمونږه د د دې حده پورې دا انسټی ټیوشنز Degenerate شو چې مونږ دې ته راشو چې بس په اسانه د اووایو چې یره جی Human error مسئله ده او بس دا دغه دے۔ جناب سپیکر، دا خو ډیر د افسوس دغه دے او کم از کم په دې خبره باندې بیا زه واپس دغه نه اخلم، زه غواړم چې په دې باندې د ووټنګ او شی چې کم از کم دا د حکومت دغه نه، زه کم از کم دغه ډیپارټمنټ والو ته، دا دیکښې به دومره غلطی نه وی زمونږ د ممبرانو صاحبانو یا د وزیرانو صاحبانو خو کم از کم چې هغه بیوروکریسی ته دا احساس اوشی چې یره دوئ غلط فګرز دې هاؤس کښې پیش کوی او بیا They just get with it چې بهئ مونږه Human error دے نو دا دغه کم از کم زه نشم دغه کولے۔ زه خپل نه Withdraw کوم۔

<u>Mr. Chairman</u>: Sikandar Khan! I think you are right but there is a way out and when I speak on a Supplementary Budget, I will make a proposal because Constitution has given a way out to this.

<u>Mr. Sikandar Hayat Khan Sherpao:</u> I think you will speak on the budget also but چلو we will wait for the Supplementary Budget.

<u>جناب مسند نشین:</u> نو تاسو نه Withdraw کوئ؟

<u>جناب سکندر حیات خان شیر پاؤ:</u> نه۔

<u>Mr. Chairman:</u> Now I have to put this cut motion to vote. Those who are in favour of this cut motion may say ‘Yes’.

<u>Members:</u> Yes.

<u>Mr. Chairman:</u> Those who are against it may say ‘No’.

<u>Members:</u> No.

<u>Mr. Chairman:</u> The ‘Noes’ have it. I think, Now I put.

جناب سکندر حیات خان شیر پاؤ: جناب سپیکر صاحب! معاملہ Clear نہیں ہوا۔

جناب مسند نشین: نو رولنگ خو ما ورکڑو چی 'Noes' have it, how I can say that the 'Ayes' have it ji? Those who are in favour of it may say 'Yes'

Members: Yes.

Mr. Chairman: Those who are against it may say 'No'.

Members: No.

Mr. Chairman: I think, 'Noes' have it. Now I put this whole Demand to the vote. Those who are in favour of this Demand to be granted, may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. The honourable Minister for Finance, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 3.

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ): جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 64 کروڑ 45 لاکھ 33 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2013ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران خزانہ، خزانہ جات اور لوکل فنڈ آڈٹ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Chairman: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 64 crore, 45 lac and 33 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2013, in respect of Finance, Treasuries and Local Fund Audit.

'Cut Motions': Mr. Akram Khan Durrani Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 3.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر صاحب! زه 50 هزار روپئ کټ موشن پیش کوم۔

جناب مسند نشین: میرے خیال میں بجائے اس کے کہ میں سب کو 'موو' کروں تو آپ شروع کریں، پھر آپ کی تقریر کے بعد دوسرا 'موو' کرلے گا تو وہ بھی بولے گا۔

قائد حزب اختلاف: طریقہ کار۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: نہیں طریقہ کار تو جو بھی ہے لیکن ایک ہی طریقہ ہے۔

Mr. Sanaullah Khan Miankhel, to please move his cut motion on Demand No. 3, not present, it lapses. Hafiz Akhtar Ali Sahib,

MPA, to please move his cut motion on Demand No. 3, not present, it lapses. Sardar Aurangzeb Khan Nalotha, to please move his cut motion on Demand No. 3, not present, it lapses.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر!

جناب مسند نشین: شته؟ 'سوری' ۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: (ہنستے ہوئے) آپ ذرا ادھر بھی دیکھیں، جناب سپیکر صاحب۔

جناب مسند نشین: 'سوری'، میرا خیال تھا کہ آپ سب نے کٹ موشنز 'موو' کی ہیں لیکن ہوئی کوئی نہیں، اچھا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میں دس روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Chairman: Saeeda Batool Nasir, to please move her cut motion on Demand No. 3, not present, it lapses. Mr. Sikandar Khan Sherpao Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 3, not present, it lapses. Mr. Shah Hussain Khan, to please move his cut motion on Demand No. 3. Not present, it lapses. Mr. Abdul Sattar Khan, to please move his cut motion on Demand No. 3.

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر! میں اس ڈیمانڈ پر ایک لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Chairman: Mr. Fazlullah Khan, to please move his cut motion on Demand No. 3. Not present, it lapses. Mr. Muhammad Zamin Khan, to please move his cut motion on Demand No. 3. Mr. Zamin Khan, are you moving?

جناب محمد زمین خان: ډیره مهربانی۔ جناب سپیکر، همایون خان ډیر خوږ سړے دے او دوئ په دې هاؤس کښې نن، اګرچه ذمه داری د بل چا وه، ډیپارټمنټ د بل چا وو خو د یو Competent او د یو Honest سړی په حیثیت باندې هغه ایری ګیشن ډیپارټمنټ کښې چې کوم Irregularities دی، هغوی د هغې ذمه داری هم اخستې ده، زه دا خپل کټ موشن واپس اخلم۔

Mr. Chairman: Okay, thank you. Muhammad Javed Khan Abbasi, to please move his cut motion on Demand No. 3. Okay, not present, it lapses. Mufti Kifayatullah Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 3.

مفتی کفایت اللہ: شکریہ۔ میں 2ہزار222روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Chairman: Malik Qasim Khan Khattak Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 3. Not present, it lapses. Mufti Syed Janan Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 3.

مفتی سید جانان: زه جی آتھ کروړ د کټوتئ تحریک پیش کوم۔

Mr. Chairman: Mr. Naseer Muhammad Khan Maidadkhel, to please move his cut motion on Demand No. 3.

جناب نصیر محمد میداد خیل: جناب سپیکر، دے شریف سړی په وجه زه Withdraw کوم جی۔

Mr. Chairman: Mrs. Nargis Samin, to please move her cut motion on Demand No. 3. Not present, it lapses. شته؟ Ji, Mrs. Nighat Yasmin Orakzai Sahiba, to please move her cut motion on Demand No. 3.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میں Withdraw کرتی ہوں جی۔

Mr. Chairman: Withdrawn, thank you. Sikandar Khan Sherpao Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 3.

Mr. Sikander Hayat Khan Sherpao: Thank you, Mr. Speaker Sir. I beg to move a cut of one hundred thousand rupees on Demand No. 3.

Mr. Chairman: Okay. Akram Khan Durrani Sahib, to please.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): محترم سپیکر صاحب، آپ کا بہت بہت شکریہ۔ محترم سپیکر صاحب، چونکہ فنانس جو ہے، بہت اہم ڈیپارٹمنٹ ہے اور اس کی کارکردگی کا اثر جو ہے، پوری صوبائی حکومت پہ ہوتا ہے، عزت وقار کا بھی، اور صوبے کی جو ڈویلپمنٹ ہے، اس کے ساتھ بھی بڑا ہاتھ ہے فنانس کا، ہم یہاں پر جب بات کرتے ہیں تو وہ بھی اس طرح کرتے ہیں کہ اس صوبے کی فلاح و بہبود کیلئے اور کہیں پر اگر کوئی نقص ہے تو اس کو اگر ہم ٹھیک کروا سکتے ہیں یا گورنمنٹ کے نوٹس میں لا سکتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمایون خان جو ہمارے ہیں، بڑے ایک معزز گھر، جس طرح اس کی شرافت ہے، آدمی جب بولے بھی تو اس کی شرافت اور اس کی عزت اور وقار کا خیال ضرور آدمی کے ذہن میں (آجاتا ہے)، لیکن یہاں پر میں اگر پوری گورنمنٹ کی بات کر لوں، اس بجٹ میں ہماری صوبائی گورنمنٹ کے جو ایک ذمہ دار یہاں پر منسٹر بیٹھے ہیں اور ایک ذمہ دار پیچھے سائڈ پر پھر As a Secretary بیٹھتا ہے، آج بھی جب میں دیکھ رہا ہوں تو اس بجٹ کی کوئی اہمیت میرے خیال میں ہماری بیوروکریسی کے دل میں بھی نہیں ہے اور دماغ میں بھی نہیں ہے۔ چونکہ میں بھی بہت عرصے سے سارے سیکرٹریز کو جانتا ہوں، ادھر سے جب

میں دیکھتا ہوں تو میرے خیال میں ایک فنانس سیکرٹری کے علاوہ سیکرٹری لیول کا آدمی اس ہاؤس میں ابھی موجود نہیں ہے کہ اگر ہم یہاں پر کوئی تجویز دے دیں اور تجویز یا تو ہماری حیثیت کا آدمی سی ایم کو دے سکتا ہے کہ سی ایم جب ہو تو ہماری کچھ امید ہوتی ہے، پھر وزراء بھی ہمارے بڑے عزت دار ہیں اور اس کے بعد پھر ہم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ اس صوبے کی ڈویلپمنٹ میں، اس بجٹ میں ہماری بیوروکریسی کا جو انداز ہمیں نظر آیا ہے، وہ بھی کچھ اس طرح ہے تو مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ منسٹر صاحب تو آ سکتے ہیں لیکن ان کے سیکرٹری کو تکلیف ہوتی ہے، وہ یہاں پر نہیں آ سکتا تو میرے خیال میں اس پہ اگر خود منسٹر سوچیں اور صوبائی گورنمنٹ سوچے اور یہاں پر جب ایم پی ایز کی بات کر لیں، یہ بھی ہمارے لئے بڑے قابل قدر لوگ ہیں جو نمائندگی پہ آئے ہیں لیکن بجٹ اجلاس بھی اور صوبائی اسمبلی کا ہر ایک اجلاس جو ہے، وہ ایک انتہائی اہمیت کا، یہ ہال جو ہے، اس سے زیادہ کوئی اہمیت کی جگہ نہیں ہے، تو یہاں پر پچھلے سال بھی میں نے فنانس کے بارے میں بات کی تھی کہ بہت سی تکالیف ہیں، سارے ممبران بھی جانتے ہیں، یہاں پر جو بیٹھے ہیں بیچارے یہ بھی، ایک سکیم اپنے گاؤں سے شروع کرتے ہیں، ایکسیئن سے لیکر اور پھر یہاں پر چیف انجینئر اور سیکرٹری اور پی اینڈ ڈی تک بھی پہنچاتے ہیں تو بڑی محنت کے ساتھ اگر کوئی ایم پی اے اپنی سکیم کے پیچھے دس بار نہ جائے تو میرے خیال میں وہاں پر سکیم جو ہے، وہ نہیں نکل سکتی، کوئی بھی اس کو وہ وزن نہیں دیتا جو خود بخود اس کی ڈیوٹی ہے، اس کے دفتر میں ایم پی اے حاضری دے گا، ایکسیئن صاحب کو سلوٹ کرے گا اور وہاں بیٹھے گا اور کہے گا کہ PC I جلدی بنادو، میری سکیم جو ہے اگلے دن، آنے والے اس میں، تو میں نے یہی تجویز دی تھی اور خصوصاً یہاں پر جو Sanction of posts ہیں، سکول، کالج، ہاسپٹل، یقین جانیئے یہ ایم پی ایز تھک جاتے ہیں اور جب فنانس سے اس کی ریلیز ہوتی ہے، میں اس معزز ایوان میں اس پہ بات نہیں کر سکتا کہ پھر ہمارا ووٹر خود جاتا ہے اور ادھر سے ریلیز آ جاتی ہے اور کبھی کبھی ہم فیل بھی ہو جاتے ہیں۔ پرسوں مجھے، ہماری ویٹرنری کیئر ڈسپنسری تھی اور اس پہ تین سال گزر گئے، مجھے تو علم نہیں تھا، وہ بیچارہ سیدھا سادہ میرے حلقے کا آدمی تھا، اس نے کہا کہ تین سال سے آپ نے مجھے ڈسپنسری بنائی ہے، اس میں نہ ڈاکٹر آتا ہے، نہ کلاس فور آتا ہے، میں نے اس سے کہا کہ تین سال میں آپ میرے پاس نہیں آئے، تو اس نے کہا کہ یہ مجھے خود اندازہ تھا کہ حکومت کا کام ہے، میں آپ کے پاس کیوں آ جاؤں؟ تو مجھے بھی پتہ نہیں تھا اور میرے خیال میں یہ ایک کیس میں آپ کے سامنے رکھ رہا ہوں، اس طرح بہت سے کیسسز ہیں، تو خدا کیلئے، یہاں پر اگر ہم آئے ہیں تو اس صوبے کی ڈیویلپمنٹ کی خاطر، اسکے لوگوں کی

